<"xml encoding="UTF-8?>

کتاب: چهل حدیث « کربلا » تیسرا حصہ

مؤلف: ترجمہ(فارسی)محمد صحتی سردرودی -ترجمہ(اردو):یوسف حسین عاقلی

فصل سوّم

عاشورا ور اربعین

زیارت عاشورا

۳۰- قـالَ الصّـادِقُ علیه السلام: مَنْ زارَ الْحُسینَ علیه السلام یَوْمَ عاشُورا وَجَبَتْ لَهُ الْجـَنَّةُ

[اقبال الاعمال، ص568]

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص عاشورہ کے دن امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرے اس کے لئے جنت واجب ہے۔

بالاتر از روسپیدی

۳۱ قـالَ أَبُوعَـبدِاللّه علیه السلام: مَنْ باتَ عِنْدَ قَبْرِالْحُسَیْنِ علیه السلام لَیْلَةَ عاشُورا لَقِیَ اللّهُ یـَوْمَ الْقیامَةِ مُلَـطَّخا بِدَمِهِ، کَأَنَّما قُتِلَ مَعَهُ فی عَرصَتِهِ کَربَلا [وسائل الشیعه، ج10، ص372]

امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص عاشورہ کی رات مرقد امام حسین علیہ السلام کے پاس گزارے گا وہ قیامت کے دن خدا کی بارگاہ میں اس طرح ہوگا جیسے وہ اپنے خون میں لَت پَت ہو گویا امام حسین علیہ السلام کے ساتھ مارا گیا ہو۔

اربعین اور ایمان کی نشانیاں

۳۲ قـالَ أَبُومُحَمَّدٍ الحَسَنِ العَسکَری علیهاالسلام: عَلاماتُ الْمُؤمِنِ خَمْسٌ: صَلاةُ الْخَمْسینِ، وَ زِیارَةٌ الاْربَعینِ، وَ التَّخَتُّمُ فِی الْیَمینِ، وَ تَعـفیرُ الْجَـبینِ، وَ الْجَهْرُ بِبِسْمِ اللّهِ الرَّحْمنِ الرَّحیم

[وسائل الشیعه، ج10، ص373؛ و نیز التهذیب، ج6، ص52]

امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: مؤمن کی پانچ نشانیاں ہیں: ۱-پچاس رکعت نماز پڑھنا (واجب و مستحب نمازیں)

۲- اربعین(چہلم کے روز) کی زیارت کرنا

۳-داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

۴- پیشانی کو(تربت، خاک شفاء ،مٹی، ...)سجدے میں زمین رکھنا

۵- بِسمِ اللّهِ الرَّحمنِ الرَّحیمِ کو(نماز میں)بلند آواز سے پڑھنا۔